سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2019

بدھ، 16۔ جنوری 2019

(یوم الاربعاء، 9۔ جمادی الاوّل 1440ھ)

سترہویں اسمبلی: چھٹا اجلاس

جلد 6 : شمارہ 8

647

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ16۔جنوری2019

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

## سوالات

(محکمہ جات ہاؤسنگ، شہری ترقی وپبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

## سرکاری کارروائی

### عام بحث

خوراک پر بحث

ایک وزیر خوراک پر بحث کی تحریک پیش کریں گے۔

649

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## سترہویں اسمبلی کا چھٹا اجلاس

بدھ، 16۔ جنوری 2019

(یوم الاربعاء، 9۔ جمادی الاوّل 1440ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں دوپہر 12 بجے زیر صدارت جناب چیئرمین میاں شفیع محمد منعقد ہوا۔

---

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری سید صداقت علی نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیمo

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

وَمَنْ أَحْسَنُ
قَوْلًا مِّمَّن دَعَا إِلَى اللَّهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ
الْمُسْلِمِينَ ﴿٣٣﴾ وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ادْفَعْ
بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ
وَلِيٌّ حَمِيمٌ ﴿٣٤﴾ وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا وَمَا يُلَقَّاهَا
إِلَّا ذُو حَظٍّ عَظِيمٍ ﴿٣٥﴾

سورۃ حٰم السجدۃ 33 تا 35

اور اس شخص سے بات کا اچھا کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور عمل نیک کرے اور کہے کہ میں (مسلمان) ہوں (33) اور بھلائی اور برائی برابر نہیں ہو سکتی۔ تو (سخت کلامی کا) ایسے طریق سے جواب دو جو بہت اچھا ہو (ایسا کرنے سے تم دیکھو گے) کہ جس میں اور تم میں دشمنی تھی گویا وہ تمہارا گرم جوش دوست ہے (34) اور یہ بات ان ہی لوگوں کو حاصل ہوتی ہے جو برداشت کرنے والے ہیں اور ان ہی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے صاحب نصیب ہیں (35) وما علینا الا البلاغo

نعت رسولِ مقبول ﷺ الحاج اختر حسین قریشی نے پیش کی۔

## نعت رسولِ مقبول ﷺ

مجھے خطا کار سا انسان مدینے میں رہے
بن کے سرکارؐ کا مہمان مدینے میں رہے
یاد آتی ہے مجھے اہل مدینے کی
زندہ رہنا ہو تو انسان مدینے میں رہے
دُور رہ کر بھی اُٹھاتا ہوں حُضوری کے مزے
میں یہاں اور میری جان مدینے میں رہے
ان کی شفقت غمِ کونین بھُلا دیتی ہے
جتنے دِن آپ کا مہمان مدینے میں رہے
چُھوڑ آیا ہوں دلِ و جان یہ کہہ کر اعظم
آرہا ہوں میرا سامان مدینے میں رہے

## پوائنٹ آف آرڈر

**وزیر قانون وپارلیمانی امور (جناب محمد بشارت راجا):** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** جی، وزیر قانون!

## معزز ممبر اسمبلی جناب مظہر عباس راں کی وفات پر اجلاس ملتوی کیا جانا

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (جناب محمد بشارت راجا):** جناب چیئرمین! میں انتہائی افسوس کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس معزز ایوان کے ایک انتہائی معزز ممبر جناب مظہر عباس راں وفات پا گئے ہیں۔ وہ کل اس اجلاس میں موجود تھے یہاں پر ان کی طبیعت تھوڑی خراب ہوئی اور بلڈ پریشر ہائی ہوا۔ اس کے بعد وہ چیک اپ کے لئے ہسپتال گئے لیکن انہیں رات کو دل کا دورہ پڑا جو جان لیوا ثابت ہوا اور وہ اس جہان فانی سے کوچ کر گئے۔ جناب مظہر عباس راں انتہائی سینئر پارلیمنٹیرین تھے اور متعدد بار اس معزز ایوان کے ممبر منتخب ہوئے۔ وہ انتہائی شریف النفس انسان تھے اور اپنے علاقے کی نمائندگی انتہائی احسن طریقے سے کر رہے تھے۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ یہ معزز ایوان ان کی کمی ہمیشہ محسوس کرے گا۔ ان کی dead body کو ابھی ان کے آبائی گاؤں بھیجنے کے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ اس کے بعد ان کی نماز جنازہ ہونی ہے۔

جناب چیئرمین! میں نے قائد حزب اختلاف سے بھی رابطہ کیا ہے اور ان کی خدمت میں گزارش کی ہے اور وزیر اعلیٰ نے بھی یہ حکم دیا ہے کہ آج کا اجلاس ملتوی کر دیا جائے۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ آج کا اجلاس ملتوی کیا جائے باقی ان کی تدفین کے بعد کل انشاءاللہ تعالیٰ ہم دعا بھی کروائیں گے اور میں نے تعزیتی قرارداد بھی جمع کروائی ہے وہ بھی لے کر آئیں گے لیکن میری استدعا ہوگی کہ آج کے اجلاس کو ملتوی کر دیا جائے تاکہ جو معزز ممبران تدفین کے لئے جانا چاہتے ہیں وہ تشریف لے جا سکیں۔

جناب چیئرمین! میں ایک دفعہ پھر اس معزز ایوان میں اس عزم کا اظہار کرتا ہوں کہ مرحوم ایک انتہائی ملن سار محنتی اور شریف النفس انسان تھے اور ہمیں ہمیشہ ان کی کمی محسوس ہو گی۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے درجات کو بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ بہت شکریہ

**ملک ندیم کامران:** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** جی، ملک ندیم کامران!

**ملک ندیم کامران:** جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ جناب محمد بشارت راجا نے ابھی جو new break کی ہے اور اس سے پہلے جناب محمد بشارت راجا نے مجھ سے فون پر بھی بات کی۔ قائد حزب اختلاف بھی چیمبر میں موجود ہیں، وہاں پر بھی بات ہوئی ہے اور یہ انتہائی غم والی خبر تھی جو پورے ہاؤس کے لئے concern ہے۔

جناب چیئرمین! اپوزیشن کے تمام معزز ممبران بلکہ اس ہاؤس کے تمام معزز ممبران ان کے لواحقین کے ساتھ غم میں شریک ہیں۔ جیسا کہ جناب محمد بشارت راجا نے بھی ان کی سیاسی زندگی اور ان کی پارلیمنٹ کے حوالے سے بات کی تو وہ ہمارے بھی colleague رہے ہیں اور ان کا بڑے decent person کے طور پر شمار ہوتا تھا، اپنے علاقے میں ان کی ایک اچھی پہچان تھی اور اچھے سیاستدانوں میں ان کا نام شامل ہے۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ ایسے شخص کی کمی اس ایوان کو ہمیشہ محسوس ہوتی رہے گی، ان کا کل اس ہاؤس میں آنا، پھر اسی ہاؤس میں ان کو تکلیف ہونا اور اس کے بعد ہسپتال میں جانا۔ یہ اس بات کی نشاندہی کر رہا ہے کہ ان کا اس معزز ہاؤس کے ساتھ کتنا concern تھا اور وہ کتنے committed تھے۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ بالکل ہم سب اس ساری صورتحال میں اس بات پر on board ہیں کہ آج کا یہ اجلاس ملتوی کیا جائے اور جیسے جناب محمد بشارت راجا نے بتایا ہے کہ کل کے اجلاس میں قرارداد پیش ہو گی، انہیں خراج تحسین بھی پیش کیا جائے گا اور دعائے مغفرت بھی ہو گی۔

جناب چیئرمین !اب میں تمام اپوزیشن کی طرف سے نہیں کہوں گا بلکہ پورے ہاؤس کی طرف سے یہ ایک سوگوار سالحہ ہے اس میں ہم سب شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کے لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے۔بہت شکریہ

**MR CHAIRMAN:** The House is adjourned to meet on the Thursday 17th January 2019 at 11:30 AM.